نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

20 اگست 2010ء

برائے فوری اجراء

446/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

آلودہ پانی سے پھیلنے والی بیماریوں کے سدباب کیلئے امریکی امداد میں اضافہ

اسلام آباد (20 اگست 2010ء) ___ امریکہ نے پاکستان کے سیلاب زدہ علاقوں میں، جہاں آلودہ پانی سے پھیلنے والی بیماریوں کا خطرہ ہے، مزید 40 طبی مراکز قائم کرنے کیلئے صحت کے عالمی ادارے (ڈبلیو ایچ او) کو 1.5 ملین ڈالر کے اضافی فنڈز فراہم کر دیئے ہیں۔ اس گرانٹ سے انتہائی متاثرہ علاقوں میں امریکی مالی اعانت سے قائم طبی مراکز کی تعداد 55 ہوگئی ہے۔ امریکہ اب تک ملک بھر میں سیلاب زدہ علاقوں میں طبی امدادی سرگرمیوں کے لئے 6.5 ملین ڈالر صحت کے عالمی ادارے کو فراہم کر چکا ہے۔

امریکہ سیلاب زدہ علاقوں میں صحت کی ہنگامی صورتحال سے بچاؤ کیلئے حکومت پاکستان کے قریبی تعاون سے کام کر رہا ہے۔ بعض علاقوں میں صحت اور صفائی وستھرائی کے فروغ کیلئے امریکہ انسانی ہمدردی کی بنیادوں پر کام کرنے والی تنظیموں اور ماہرین کے ساتھ مل کر ایس ایم ایس پیغامات، ریڈیو اور مقامی آبادی سے براہ راست رابطے کے ذریعے آلودہ پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں کی روک تھام کی تدابیر سے آگاہ کر رہا ہے۔

سیلاب کے آغاز ہی سے امریکہ متاثرہ لوگوں کو صاف پانی مہیا کرنے کیلئے ابتدائی امدادی پروازوں کے ذریعہ پانی صاف کرنے والے 6 واٹر ٹریٹمنٹ یونٹس لے آیا تھا۔ یہ یونٹ 10 ہزار افراد کو روزانہ پینے کا صاف پانی مہیا کرنے کی صلاحیت کے حامل ہیں۔ علاوہ ازیں امریکہ سیلاب زدہ علاقوں میں وبائی امراض کی صورتحال کا جائزہ لینے اور ان کا تجزیہ کرنے کیلئے بیماریوں سے پیشگی خبردار کرنے والے نظام (دی ای ڈبلیو ایس) کو پھیلانے کیلئے اضافی فنڈز فراہم کر چکا ہے۔

امریکہ پاکستان کے عوام کو ہنگامی امدادی اعانت کی مد میں 150 ملین ڈالر سے زیادہ کی امداد فراہم کر چکا ہے۔ امریکہ کی سیلاب سے متعلقہ امدادی سرگرمیوں میں ان علاقوں تک پہنچنا ترجیح ہے، جہاں رابطے منقطع ہو چکے ہیں اور جو انتہائی متاثر ہوئے ہیں، اور اس امر کو یقینی بنانا شامل ہے کہ موجودہ مشکل صورتحال صحت کے کسی بحران سے مزید خراب نہ ہو جائے۔

###

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلفٹن زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800